ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(678)

مورخہ 21.12.2023

**بہاول پور(      )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات،ضلع بھر میں نیو ائیر نائٹ کے حوالے سے شراب فروشوں کے خلاف گھیرا تنگ،جاری آپریشن میں 12 ملزمان گرفتار،بھاری مقدار میں دیسی شراب کی کھیپ،چالو بھٹیاں اور منشیات برآمد،ملزمان پابند سلاسل۔جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائیگا،ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے نیو ائیر نائٹ کے حوالے سے جاری احکامات کی روشنی میں جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ کوتوالی،تھانہ سول لائینز،عباس نگر،مسافر خانہ،سٹی احمد پور شرقیہ،دھوڑ کوٹ،ہیڈ راجکاں اور تھانہ ڈیراور پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کامیاب کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 11 ملزمان رضوان سلطان،شہزاد،وقار سلیم،ظفر عرف کالی،رفیق،عمران،امجد،آفتاب،دلشاد احمد،عبدالمجید اور بشیر احمد کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 550 لیٹر دیسی شراب اور 03عدد چالو بھٹیاں برآمد کرلیں۔جبکہ تھانہ بغداد الجدید پولیس نے منشیات فروشی کے مرتکب 01 ملزم جمشید کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 1500 گرام چرس برآمد کرلی۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کرکے تفتیش شروع کردی۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ نیو ائیر نائٹ کے حوالے سے جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جارہا ہے،معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کرنا پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاول پور:ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات،نیو ائیر نائٹ کے حوالے سے شراب فروشوں کے خلاف گھیرا تنگ،جاری آپریشن میں متعدد ملزمان گرفتار،بھاری مقدار میں شراب،چالو بھٹیاں اور منشیات برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(679)

مورخہ21.12.2023

**بہاول پور(          )ڈی پی او سید محمد عباس کی کمانڈ میں بہاولپور پولیس کو جرائم پیشہ افراد کے خلاف کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری، تھانہ سٹی حاصل پور پولیس کی کامیاب کارروائی، چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث ملزمان گرفتار۔لاکھوں مالیت کا مال مسروقہ برآمد کر کے اصل مالکان کے حوالے کیا جا رہا ہے۔عوام الناس کو لوٹنے والے کسی رعائت کے مستحق نہیں،ڈی پی او**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی کمانڈ میں شہریوں کو ریلیف مہیا کرنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ سٹی حاصل پور پولیس نے جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور موثر حکمت عملی سے اسپیشل ٹیمیں تشکیل دے کر چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث 03 کس ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے چوری شدہ 03عدد بکریاں،سولر پلیٹس اور نقدرقم -/80,000روپے برآمد کر لیئے۔گرفتار ملزمان سے مزید انٹیروگیشن جاری ہے،جلدان کے باقی ساتھیوں کو بھی گرفتار کرلیا جائے گا۔برآمد شدہ نقدرقم و دیگر مال مسروقہ ضروری کارروائی کے بعد اصل مالکان کے حوالے کی جارہی ہیں۔ڈی پی او سید محمد عباس نے اس موقع پر بات کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کا لوٹا ہوا مال ریکور کرایا جارہا ہے تا کہ شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف مہیا کیا جا سکے۔ڈی پی او سید محمد عباس نے بہترین کارکردگی پر تھانہ سٹی حاصل پور پولیس کو شاباش دی۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈی پی او سید محمد عباس کی کمانڈ میں تھانہ سٹی حاصل پور پولیس کی کامیاب کارروائی، چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث ملزمان گرفتار، گرفتار ملزمان سے لاکھوں روپے مالیتی مال مسروقہ برآمد کر کے اصل مالکان کے حوالے کیا جا رہا ہے